SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VIII مجریہ 2000

SINDH OR DINANCE NO.VIII OF 2000

سندھ سیلز ٹیکس آرڈیننس، 2000

THE SINDH SALES TAX ORDINANCE, 2000

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. نفاذ
Implementation
3. ٹیکس کا دائرہ
Scope of Tax

سندھ آرڈیننس نمبر VIII مجریہ 2000

SINDH ORDINANCE NO.VIII OF 2000

سندھ سیلز ٹیکس آرڈیننس، 2000

THE SINDH SALES TAX ORDINANCE, 2000

[15 جولائی 2000]

تمہید (Preamble) | آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبے میں خدمات پر

سیلز ٹیکس لگایا جائے گا۔

جیسا کہ سندھ صوبے میں سرانجام دینے والی خدمات پر سیلز ٹیکس لگانے اور متعلقہ معاملات کے لئے قدم اٹھانا ضروری ہوگیا ہے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی 14 اکتوبر 1999 کے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹیٹوشن آرڈر نمبر 1 کے مطابق معطل ہے؛

اور جیسا کہ گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری اقدام ضروری ہے؛

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

لہذا اب اس لئے 14 اکتوبر والے ہنگامی حالتوں والے اعلان اور 1999 والے پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر 9 کے آرٹیکل 4 کے مطابق اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے چیف ایگزیکیوٹو کی ہدایت پر گورنر بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس کو بنا کر نافذ کرنا فرماتا ہے۔

نفاذ
Implementation

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ سیلز ٹیکس آرڈیننس، 2000 کہا جائے گا۔

ٹیکس کا دائرہ
Scope of Tax

(2) اس کی پورے سندھ صوبے تک توثیق کی جائے گی۔

(3) یہ فوری طور پر لاگو ہوگا اور پہلی جولائی 2000 سے لاگو سمجھا جائے گا۔

2. اس آرڈیننس میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، اظہار کے لئے جو الفاظ استعمال کئے گئے ہوں وہ واضح نہ ہو، ان کی معنیٰ وہی ہو، جو ان کے سیلز ٹیکس ایکٹ میں ہے۔

3. (1) اس آرڈیننس کی گنجائش کے مطابق پیش کردہ ٹیکس لائق خدمات صوبہ سندھ میں مہیا کردہ خدمات کے نرخ پندرہ فی صد کی قیمت پر سیلز ٹیکس ایک ٹیکس وصولی، لگانے اور ادا کیا جائے گا۔

(2) اس آرڈیننس کے شیڈول میں بیان کی گئی خدمات پر ٹیکس اسی طریقے سے اور وقت پر وصولی اور لاگایا جائے گا۔

جیسا کہ سیلز ایکٹ 1990 کی دفعات 3، 3Aیا

3AA کے تحت ہو یا جیسا معاملہ ہو۔

(3) سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی تمام گنجائشوں اور بنائے گئے قواعد اور اس سلسلے میں جاری کیے گئے نوٹیفکیشنز احکامات اور ہدایات کے مطابق ضروری تبدیلیوں کے ساتھ اس آرڈیننس کے مطابق ٹیکس جمع کرنے اور ادائیگی پر لاگو ہوگا۔ جیسا وہ اس سے منسلک ہو:

(a) طریقہ، وقت اور ادائیگی کا طریقہ؛
(b) رجسٹریشن اور ڈی رجسٹریشن؛
(c) ریکارڈ رکھنا اور آڈٹ؛
(d) لاگو ہونا اور دائرہ اختیار؛
(e) جرمانہ اور کاروائیاں اور؛
(f) دوسرے تمام اسی نوئیت کے اور متعلقہ معاملات

شیڈول

ملاحظہ ہو صفحہ (2) (3)

1.ہوٹلز، شادی ہالز، کلبز اور کیٹرز کی طرف سے مہیا کی گئی یا پیش کی گئی خدمات :

(a) ہوٹلز کی طرف سے مہیا کی گئی یا پیش کی گئی خدمات
(b) شادی ہالز اور لانز کی طرف سے مہیا کی گئی یا پیش کی گئی خدمات
(c) کلبز کی طرف سے فراہم کی گئی یا پیش کی گئی خدمات
(d) کیٹرز کی طرف سے مہیا کی گئی یا پیش کی گئی خدمات

2. ٹی وی اور ریڈیو پر اشتہار سوائے مندرجہ ذیل اشتہاروں کے:

(i) اگر حکومتی ایجنسی کا تعاون وحت اور تعلیم کے لئے ہو؛
(ii) اگر پاپولیشن ویلفیئر ڈویژن کے تعاون کے ساتھ یو ایس ایڈ کے مالی تعاون کے ساتھ چلنے والے تعلیمی ترقی والی مہم کے لئے ہو؛
(iii) عوامی خدمت کا پیغام اگر ٹیلی ویژن پر یا یونی

سیف کے لئے وائلڈ لائف یونیسف فنڈ برائے ماحولیات کے لئے چلایا جائے؛

3. دوسرے افراد کی طرف سے بااختیار بنائے گئے شخص کی طرف سے مہیا کی گئی یا پیش کی گئی خدمات

(a) کسٹم ایجنٹس؛

(b) شپ چانڈلرس؛

(c) جہاز پر سامان چڑھانے والے فلی؛

(d) کورئیر خدمات

5. خدمات جو بیوٹی پارلرز، بیوٹی کلینکز، سلمنگ کلینگز کی طرف سے ذاتی توجہ کے لئے مہیا کی گئی یا پیش کی گئی۔

6. خدمات جو لانڈریز اور ڈرائی کلینرز کی طرف سے مہیا کی گئی پیش کی جاتی ہوں۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا